## سوال

(82) سیدنا یوسف کی بیوی کا نام

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام کیا تھا؟ ہمارے ہاں ایک مولوی صاحب نے زلیخا نامی عورت کے سیدنا یوسف علیہ السلام کی بیوی ہونے کی نفی کی ہے۔ اور کہا ہے وہ زانیہ ہے کیا موصوف کا یہ کہنا درست ہے۔ مولوی صاحب موصوف کا کہنا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام آمس ناتھ تھا۔ حوالہ مولانا سلیمان منصورپوری کی کتاب ''الجمال والکمال'' کا دیتے ہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

واقعی قاضی سلیمان منصورپوری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب '' الجمال والکمال '' میں بدلائل اس بات سے انکار کیا ہے کہ زلیخا حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی ہو۔ میرے خیال میں انہوں نے حضرت یوسف علیہ السلام کی بیوی کا نام راعیل زکر کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص260

### محدث فتویٰ